UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224812
UNIVERSAL
LIBRARY

کیفیت مختصر

جلسہ ہفتم ندوۃ العلماء واقع عظیم آباد پٹنہ

جو ۱۰-۱۱-۱۲ رجب ۱۳۱۷ھ روز یکشنبہ و دوشنبہ و سہ شنبہ مطابق ۴-۵-۶

نومبر سنہ ۱۸۹۹ء کو

عظیم آباد پٹنہ مین نہایت شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوا

مرتبہ

مولوی سید رحیم الدین صاحب مالک و ایڈیٹر الپنچ بانکی پور

یونین پریس الپنچ بانکی پور مین چھپا گیا

مقاصد

(۱) جماعت علما مین باہمی ربط و اتحاد کا ... پیدا کرنا

(۲) علما اور عامۂ مسلمانون کے باہمی شرمناک نزاعون کا انسداد اور اختلافی مسائل مین بانداز رد و قدح کا بند و بست

(۳) ضرورت زمانہ کے مطابق نصاب تعلیم کی اصلاح و ترمیم اور علوم دین کی ترقی اور تہذیب اخلاق۔

(۴) ایک عظیم الشان اسلامی دار العلوم قائم کرنا جسمین تمام علوم و فنون عربیہ دینیہ کے علاوہ عملی صنائع کی بھی تعلیم ہوگی

(۵) ہندوستان کے مختلف حصون اور ممالک غیر مین اسلام کی اشاعت اور اوسکی برکات مثلاً دینداری و تہذیب اخلاق و حسن معاشرت و تمدن وغیرہ کا پھیلانا۔

(۶) دینی امور کیواسطے ایک محکمۂ افتا کا قائم کرنا جسمین جید عالم اور مستند مفتی ہون۔

(۷) مسلمانونکی عام صلاح و فلاح کی تدابیر (ملکی معاملات کو چھوڑ کر)

قواعد رکنیت ندوۃ العلماؔ

(۱) ہر مسلمان کم از کم دو روپے سالانہ دینے پر ارکان ندوۃ العلما مین شامل ہو سکتا ہے عطیے کی مقدار ہر شخص کی مقدرت اور فیاضی پر موقوف ہے۔

(۲) ارکان ندوۃ العلما کے فرائض حسب تفصیل ذیل مندرج ہین:- (۱) احکام شرعیہ کا پورا احترام کرنا (۲) باہمی اتحاد و ارتباط کو بڑھانا۔ (۳) ندوۃ العلما کے مقاصد و اغراض کی انجام دہی مین پوری کوشش کرنا۔

(۳) روداد جلسۂ سالانہ ارکان ندوۃ العلما کو بلا قیمت دیجائیگی اور جلسۂ عام مین اونکو تجویز پیش کرنے اور پیش شدہ تجویزون پر راے دینے کا حق ہوگا اور جلسۂ انتظامیہ کی ممبری کے واسطے منتخب ہو سکینگے بشرطیکہ پوری ہمدردی اور دلچسپی ندوۃ العلما سے رکھتے ہون۔ اور رکنیت جلسۂ انتظامیہ کے فرائض ادا کر سکتے ہون

(۴) اراکین کو وہ کتابین جو اونکی رکنیت سے پہلے شائع ہو چکی ہین پوری قیمت پر اور سال رکنیت کی کتابین باستثناے روداد کے نصف قیمت پر ملسکینگی

طلبا کو اطلاع

جمادی الاولے سنہ ۱۳۱۶ ہجری سے دار العلوم کے درجۂ ادنے کا افتتاح گولہ گنج لکھنؤ مین ہوگیا ہے اسمین جو طلبا داخل ہونا چاہتے ہون وہ اخیر ورق مین داخلہ کے قواعد کو دیکھ لین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وبہ نستعین ونصلی ونسلم علی سیدنا ومولٰنا
محمد النبی الامین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر میخواست
آمد آخر ز پس پردۂ تقدیر پدید

پٹنہ کی خوش نصیبی تھی کہ ندوۃ العلما سا مقدس جلسہ یہاں مدعو ہوا - اور صدہا علما اور مشائخ کی زیارت نصیب ہوئی كُلُّ اَمْرٍ مَرْهُوْنٌ بِاَوْقَاتِہٖ شوال ۱۳۱۷ھ سے اسی مبارک دن کا انتظار کر رہے تھے - اور طاعون کی وجہ سے اپنے وقت پر اجلاس کے نہونے سے سمجھ چکے تھے کہ شاید ہماری بدنصیبی ہمارے پاکیزہ مشرب علما و مشائخ کی زیارت سے ہمکو محروم رکھیگی - مگر ہمکو مولوی سید شرف الدین صاحب بیرسٹر ایٹ لا کا شکرگزار ہونا چاہیئے جنکی توجہ اور ہمدردی اور مولوی سید ضمیر الدین احمد صاحب رئیس و

وآنریری مجسٹریٹ کی کوشش نے ماہ رجب مین ہماری آنکھونکو وہ نظارہ دکھا ہی دیا جسکو ہمنے
کبھی نہ دیکھا تھا اور اب اسکو کبھی نہ بھولینگے ۔ جلسہ کی تاریخین ۴ ۔ ۵ ۔ ۶ ۔ نومبر
مطابق ۱۰ ۔ ۱۱ ۔ ۱۲ ۔ رجب ۱۳۱۸ھ کے مقرر کی گئی تھین ۔ مگر ۲ نومبر سے مہمانون
کی آمد شروع ہوئی ۔ اسٹیشن سے مکان جلسہ تک گاڑیونکا تانتا لگا ہوا تھا ۔ یون تو
جلسہ کا مکان ہی جو قدرتی طور پر یا یون کہئے کہ خدا نے پہلی ہی سے اس مقدس
جلسہ ندوۃ العلما کے اجلاس کے لئے بنوا رکھا تھا بہت ہی وسیع
تھا ۔ سامنے نہایت ہی خوبصورت بلند شہ نشین اور اوسکے دونون بازؤن
مین دو منزلے کمرے اور اتنے وسیع کہ ہر ایک مین دس دس اور بیس بیس
مہمانونکی گنجایش آسانی سے ہو سکے ۔ مگر مہمانون کی کثرت سے تیس کے
قریب اور بارہ مکانات بھی خالی کرا لئے گئے تھے ۔ اور وہان بھی رہنے سہنے کا معقول
انتظام کیا گیا تھا ۔ بیگم پور (پٹنہ) اسٹیشن پر ۔ مولوی حافظ سید نذیر الرحمن صاحب
سکرٹری کی باعث استقبالی کا کیمپ تھا ۔ جسمین انکی اور مولوی نہال حسین صاحب
رئیس عملی کی محنت سے مہمانون کے لئے چاء بسکٹ وغیرہ کا انتظام
کیا گیا تھا ۔ اس کیمپ کے متعلق بہی والنٹیر تھے ۔ اللہ رے ان بچون کا جوش
پریشانی اور دوڑ دھوپ کو تو خاطر مین بھی نہ لاتے تھے ۔ کسی کام مین انکھین
عار نہین کسی خدمت مین ادنھین عذر نہین ۔ ایک دفعہ تو ہمنے اپنی آنکھون سے
دیکھا کہ تین چار پرجوش والنٹیر ایک گاڑی جسکے گھوڑے بر وقت موجود
نہ تھے خود کھینچے لئے آرہے تھے ۔ ٹرین نے سیٹی دی اور والنٹیرونکی بیچین
جماعت آراستہ ہونے لگی ۔ ادھر ٹرین پہونچی اور یہ پرجوش گروہ ہاتھ

مین جھنڈیان لئے پلیٹ فارم پر سمت باندھکر کھڑا ہوگیا - والنٹیرون کے
سینون پر نیلے لہردار نشان - ہاتھ مین جھنڈیان - چہرون پر جوش مسرت
کی جھلک - کچھ ایسا دلربا منظر پیش کر رہا تھا کہ دیکھنے والون کے دلون
مین گدگدی سی پیدا ہو جاتی تھی - گاڑی سے مہمان اُترے اور ان والنٹیرون
نے ہاتھون ہاتھ لیکر جماعت استقبالی کے کیمپ تک پہونچا دیا - جسکے گرد
جلسہ کی متعدد گاڑیان مہیا رہتی تھین - جبتک مہمانون نے چاے پانی
فرصت کی تب تک سکرٹری جماعت استقبالی نے ایک چک کو معمور کیا
جسمین مہمان کا نام بقید سکونت لکھا ہوتا تھا - اور نیز اوس مکان کا نام جہان
وہ ٹھہرائے جاینگے - یہہ چک والنٹیرون کے حوالے کردیا جاتا تھا کہ مہمان کو
ساتھ لئے ہوئے اونکی قیامگاہ کو پہونچا دین - والنٹیر اوس مکان مین جہان
رہنے سہنے کا کافی انتظام کیا ہوا ہوتا تھا - مہمانون کو پہونچا کر وہ چک دفتر
واقفیت مین لا داخل کرتا تھا - جسکا ایک حصہ دفتر مین رکھ لیا جاتا تھا اور
اوسکا مثنیٰ باورچیخانہ مین بھیجدیا جاتا تھا کہ اوسکے مطابق مہمانون کی قیامگاہ
پر کھانا بھیجوا دیا جاے - ہر مکان مین فرش - کہار - اور میٹھے پانی کے گھڑے
صراحیان - گلاس - روشنی کیلئے ایک لیمپ - ٹین کی لوٹے - ٹین کی اگالدان -
ٹین کی سلفچی - حقے مہیا کردئے گئے تھے - ہر تیسرے گھنٹے پر پرجوش والنٹیرون
کی جماعت ہر قیامگاہ کا دورہ کرآتی تھی - جہان جس چیز کی کمی ہوتی فوراً مہیا
کردیجاتی تھی - باورچی خانے سے خوانون مین کھانے کا روانہ ہونا - اور والنٹیرون
کی جماعت کا نگرانی کرتے ہوئے جانا - کہارون کا قطار در قطار - پانی کے گھڑے

لئے ہوئے ہر شخص کی قیامگاہ پر پہونچانا۔ والنٹیرون کی ایک جماعت کا گاڑی
پر سوار ہوکر ہر قیامگاہ مین تماکو پان تقسیم کرنے کے لئے جانا کچھ ایسا بھلا سمان
تھا کہ قیامت تک بھولا نہ جائیگا۔ پٹنہ کیا صوبۂ بہار کی آنکھون نے بھی اس سے
پہلے ایسا پرجوش اور پُر رونق وہتم بالشان جلسہ نہ دیکھا تھا۔ اگر ہم یہ کہین کہ سارا صوبہ
اسمین شریک تھا تو ہرگز مبالغہ نہوگا۔ کوئی ایسا شہر نہ تھا جہانسے بکثرت مہمان آئے ہون
اللہ رے جوش! ہر ٹرین سے سو سوا اور دو دو سو مہمان آتے تھے۔ ہمارے سرگرم اور پرجوش
مہتممین جلسہ نے جس حُسن و خوبی سے انتظام کیا تھا اوہین کا حصہ تھا۔ سارے شہر مین
دھوم تھی۔ کوئی سڑک کوئی گلی ایسی نہ تھی جس سے جوق کے جوق مہمان آتے ہوئے
دکھائی ندیتے ہون۔ شملہ۔ سیالکوٹ۔ پشاور۔ پنجاب۔ بنگالہ۔ اوڑیسہ۔
لکھنئو۔ دہلی۔ لاہور۔ امرتسر۔ مدراس و آسام سے مہمان اور علما شریک جلسہ
ہوئے تھے۔ جابجا سڑکون پر محرابین بنائی گئی تھین۔ جو پھول اور سبز پتون سے آراستہ
کی ہوئی تھین۔ اور کسی محراب پر جلی حرفون مین "جلسۂ ہفتم ندوۃ العلما" لکھا
ہوا تھا۔ اور کسی مین "مرحبا مرحبا" کی گلکاری تھی۔ قریب کے محرابون مین
بہت ہی جلی سنہرے حرفون مین "مرحبا مرحبا تعال تعال" لکھا ہوا
تھا۔ مکان جلسہ کے قریب ہی ایک اسلامی ہوٹل کھولا گیا تھا۔ جسمین چاء بسکٹ۔
کیولے۔ امرود۔ سیب۔ انار۔ انگور وغیرہ تازے میوے موجود رہتے تھے۔ اس سے
چار پانچ قدم آگے بڑھکر جلسہ کی عالیشان عمارت تھی۔ جسکے صدر پھاٹک پر پہونچتے ہی
اسلامی جاہ و جلال کا نظارہ آنکھون تلے پھر جاتا تھا۔ صدر پھاٹک کی پہلی محراب پر
سنہرے کارچوبی حروف مین "سلامٌ علیکم طبتم فادخلوھا"

لکھا ہوا تھا۔ صدر پھاٹک سے گذر کر اندر آئیے۔ پہلے "ڈاکخانہ ندوۃ العلما" کو دیکھیے۔ شہ نشین سے صدر پھاٹک تک جو اُتر دکھن دو رویہ دو منزلے مکان تھے۔ اوسکے آخر مین پھاٹک کی دہنی جانب "صیغہ اوقفیت" کا دفتر تھا۔ جہانسے مہمانون کو اونکے ہر استفسار کا جواب اور ہر بات کی اطلاع پہونچتی رہتی تھی۔ اور بائین جانب مطبع الپنیچ بانکی پور کا اسٹاف تھا جو پروگرام (نظام) وغیرہ چھاپنے کے لئے تیار رہتا تھا۔ اور اسیکے پاس ایک وسیع خلوت مین سکرٹری جلسہ دعوت کا دفتر تھا۔ اوسکے بعد تھوڑا صحن چھوڑ دیا گیا تھا۔ اور اوسکے بعد قنات کی حدبندی تھی۔ پھر ایک پھاٹک تھا جسپر "جلسہ ہفتم ندوۃ العلما" لکھا ہوا تھا۔ اللہ رے جلسے کی شان اور آرایش۔ آنکھین قیامت تک اس پُر لطف نظارہ کو نہ بھولینگی۔

جلسہ مین داخل ہوتے ہی پہلے بنچون کی نشست تھی جسپر سرخ یکرنگہ منڈھا ہوا تھا اور لالے کے کھیت کیطرح لہلہا رہا تھا۔ سرخ یکرنگے سے منڈھے ہوئے ستون شاخ مرجان کا دھوکا دے رہے تھے اور اوسپر گوٹے کی لپیٹ مل مل! ایک ستون سے دوسرے ستون تک جالیدار پردونکی محراب بنائی گئی تھی جسکے بیچ مین چینی قندیلین لٹک رہی تھین۔ ہانڈیان۔ کونڈیان۔ جھاڑ فانوس سے آنکھونکو چکاچوند لگی ہوئی تھی۔ آگے بڑھکر تقریباً پانچسو کرسیونکی نشست تھی۔ بائین جانب صدر چبوترہ کے قریب ایک فٹ بلند ایک اور چبوترہ بنایا گیا تھا۔ جسکے تین طرف سرخ یکرنگے کا احاطہ تھا اور فرش پر ایرانی قالین بچھا ہوا تھا۔ اور قرینے سے کرسیان لگی ہوئی تھین۔ یہ اعزازی ممبرون اور حکامون کی

نشست کی جگہ تھی۔ پہلے دن ہمارے مہربان اور ہر دلعزیز سیٹی مجسٹریٹ صاحب اور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس پٹنہ شریک جلسہ تھے۔ شہ نشین کیطرف پہلے قدِ آدم سے بھی بلند چوبی چبوترہ تھا جو دو منزلے کوٹھے سے ملاکر بنایا گیا تھا جسپر سرخ رنگ کا منڈھا ہوا تھا۔ اور سبز رنگ کی خوشنما جھالر لٹک رہی تھی۔ اوسکے اوپر کارپٹ کا فرش تھا اور ایک بڑی سی میز رکھی ہوئی تھی۔ اور ہر چہار طرف کرسیان بچھی ہوئی تھین جسپر اڈیٹران اخبار اور رپوٹرون کی نشست تھی۔ "امرتا بازار پتریکا" کا رپورٹر۔ اور "بہار نیوز بھاگلپور" کا رپورٹر۔ "وکیل امرتسر" کا رپوٹر "پنجاب اوبزرور لاہور" کے لائق اور قابل قدر اڈیٹر۔ اور "اپینچ بانکی پور" کے اڈیٹر بیٹھے ہوئے کارروائیون کو نوٹ کر رہے تھے۔ اسکے دہنے اور بائین شہ نشین پر جانے کے زینے تھے۔ اس چبوترے سے دو فیٹ کی بلندی پر وہی دو منزلہ مکان ہے جسکو ہم شہ نشین کہتے آتے ہین۔ اوسکے دونون پایون پر بڑے بڑے جلتی آئینے لگے ہوئے تھے۔ اور تمام کارپٹ کا فرش بچھا ہوا تھا۔ اس چوبی چبوترے سے ملی ہوئی مگر دو فیٹ کی بلندی پر شہ نشین تھی جسکے سامنے ایک چھوٹی سی نفیس میز رکھی تھی اور اوسپر ایک نہایت ہی نفیس اعلےٰ درجہ کی کامدار چادر (ٹیبل کلاتھ) پڑی ہوئی۔ اوسپر دو گلدان قرینے سے رکھے ہوئے تھے چھت مین جھاڑ و فانوس لٹک رہی تھی۔ شہ نشین کے بائین جانب ایک گوشہ مین مقرر کی جگہ تھی جسکی نہایت ہی خوشنما رنگین آہنی کٹھرے سے حد بندی کردی گئی تھی۔ یہی جگہ تھی جہان واعظین اور مقرر کھڑے ہوکر تقریر کرتے تھے۔ اور اس شہ نشین کے بعد جہان پر قالین کا فرش تھا علما کی نشست

تھی - قریب قریب تین سو کے علما مختلف صوبے اور شہر کے شریک جلسہ ہوئے
تھے - اسکے بعد ندوۃ العلما کا دفتر تھا - اور پھر اوسکے بعد ارکین انتظامیہ
کی قیامگاہ تھی - شہ نشین کے دونون بازؤن کے کمرے - یہان سے لیکر پھاٹک
تک دو منزلے اور نیچے کے کمرے مہمانون سے بھرے ہوئے تھے - ہم اس مکان
کا نقشہ ناظرین کی دلچسپی کے لئے درج کئے دیتے ہین -



جلسہ تو چوتھی نومبر سے شروع ہوا مگر تیسری نومبر کا دن گذر کر چوتھی کی رات عزیزون نے جس بےچینی سے کاٹی کچھ بیان نہیں ہوسکتا۔ ادھر موذن نی اللہ اکبر کی دلگداز آواز سنائی اودھر سارے مہمان اوٹھ بیٹھے۔ نماز ادا کی۔ اور جلسہ ہین جمع ہونا شروع ہوئے۔

مولوی عبدالحمید صاحب منیجر ٹرام کمپنی کی توجہ خاص شکریہ کی مستحق ہی جنھون نے باشندگان بانکی پور کی آسانی کے لئے (جو مقام جلسہ سے تقریبًا تین کوس کے فاصلہ پر ہے) غیرمعمولی طور پر ۶ بجے سے اجلاس کے بعد تک دس دس منٹ پر گاڑیان چھوڑنے کا پہلے سے انتظام کردیا تھا۔ اور شب کو جلسہ وعظ سے فراغت پانے کے بعد بھی جامع مسجد مدرسے کے قریب ہی متعدد گاڑیان تیار رہتی تھین جس سے مسلمانون کو عمومًا اور باشندگان بانکی پور کو خصوصًا بڑی آسایش پہونچی۔ ساڑھے سات بجے سے اجلاس شروع ہوا۔

کارروائی جلسہ اوّل

ابھی سات نہین بجے تھے کہ مہمانون کی آمد شروع ہوگئی اور قریب تین ہزار آدمیون کے جمع ہوگئے۔ مگر ایک سناٹا ساچھایا ہوا تھا۔ گویا کسی کے مُنہ مین زبان نہین تھی۔ سب کی نگاہین شہ نشین کیطرف تھین اور بڑی بےچینی سے کسیکو ڈھونڈھ رہی تھین کہ پہلے **مولوی شاہ محمد سلیمان** صاحب پھلواروی مقرر کی جگہ پر تشریف لائے۔ سب کی نگاہین اوٹھ گیئن۔ آپ نے آداب جلسہ پڑھکر سنایا۔ اور نظام کے مطابق کارروائی شروع ہوئی:۔

(۱) قاری عبد الرحمن صاحب نے نہایت خوش الحانی اور قرأت کے ساتھ سورہ نور کی چند آیتیں اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ الآیۃ تلاوت فرمائین - سورہ نور کی آیتین تھین یا نورانی الفاظ جو نور بن بنکر سامعین کے دلون مین اتر رہے تھے - اوسپر اونکی قرأت نورٌ علیٰ نور - سارے جلسہ پر جلال ربانی چھایا ہوا تھا - دلون مین خشیت آلہی جوش مار رہی تھی - ۱۰ منٹ آپکا وقت تھا -

(۲) مولٰنا شاہ محمد رشید الحق صاحب عمادی قادری سجادہ نشین خانقاہ پٹنہ (صدر انجمن مجلس استقبالی) کھڑے ہوئے - آپکی نورانی صورت آپ کی ظاہری اور باطنی وجاہت - آپکی درویشانہ وضع - عصا دست مبارک مین لئے ہوئے کھڑے ہونا - حاضرین جلسہ کے دلپر کچھ ایسا اثر کر گیا کہ تقریر کرنا تو پیچھے رہے ابھی سے لوگ محو حیرت بنے ہوئے تھے - آپ نے پہلے اپنی زبان کی نسبت معذرت کی اور اوسیکے ضمن مین مختلف قسم کی زبانون کا حال بیان فرمایا - اسکے بعد آپنے اپنی اور صوبہ بہار کیطرف سے ندوۃ العلما کا شکریہ ادا کیا - اور نیز ہماری مہربان و علم دوست گورمنٹ کی نہایت پُرجوش الفاظ مین تحسین و شکرگزاری کی کہ یہ اوسیکی سایۂ عاطفت کی بدولت ہے کہ ہم بے تکلف ہر طرح کی علمی و عملی دینی و دنیاوی ترقی بسہولت کر سکتے ہین - پھر اسلام کی اگلی اور پچھلی حالت نہایت پرجوش الفاظ مین بیان فرمائی حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلام لانیکی حقیقت جسوقت بیان فرمائی تھی سارا جلسہ بیچین تھا - آپنے آجکل کے مشایخ کی نسبت بیان فرمایا کہ انکو خلوت گزینی مین کچھ ایسا مزا ملگیا ہے کہ قوم کی تباہی سے مطلق خبر نہین اور علما کو خبر بھی ہے تو اونھین اپنے پیٹ کی دھندے سے کہان فرصت اور امرا کو عیش و عشرت سے کہان مہلت پھر اسلام پر تباہی نہ آئے تو کیا ہو - اب ہمارے علما کو اسطرف توجہ ہوئی ہے اور یہ مقدس جلسہ جسکا آج ساتوان اجلاس ہے

اور ندوۃ العلما کے نام سے موسوم ہے قائم ہوا جسنے قوم کے سدھارنے کا بیڑا اوٹھایا ہے خدا اسکا بیڑا پار لگائے اور اسکی کشتی ساحل مقصود تک پہونچائے" اسکے بعد آپ نے نہایت خشوع وخضوع سے ہاتھ اوٹھا کر دعا کی۔ "خداوندا وہ دن نہ دکھانا کہ ہم اسلام کو بُری حالت مین دیکھین۔ خداوندا تو نے ان علما کو جیسی توفیق ہدایت دی ہے انکی نیتون کو بھی درست رکھ اور ہمت مین برکت اور نصیحت مین تاثیر دے۔ خداوندا تیرا نام لینے والے ترقی کرتے رہین۔ اے اللہ تجھ سے ہم کیا مانگ سکتے ہین وہی نے جو تجکو دینا چاہیے" اسکے بعد آپ نے تحریک کی کہ مولنا احمد حسن صاحب (خلیفہ مولنا حاجی امداد اللہ قدس سرہ ومحشی مثنوی مولنا روم) کانپوری اس جلسہ کے صدر انجمن قرار دئے جائین۔ چنانچہ باتفاق راے مولنا موصوف صدر انجمن ہوئے۔

(۲) اسکے بعد **مولوی شاہ محمد سلیمان** صاحب کھڑے ہوئے اور بیان فرمایا کہ صدر انجمن صاحب علیل ہین ضعف کی وجہ سے کھڑے ہوکر تقریر نہین فرماسکتے اسلئے مجھے ارشاد ہوا ہے کہ مین اونکی طرف سے افتتاح جلسہ کی تقریر کرون۔ مولنا کا دستور ہے کہ وہ اپنی افتتاحی تقریر مین پہلے علما کو مخاطب کرتے ہین اور آیۃ کریمہ انما یخشی اللہ من عبادہ العلماءُ کا بیان فرماتے ہین کیونکہ علما کو خشیت کی زیادہ ضرورت ہے اور انھین کی اصلاح پر تمام مسلمانونکی اصلاح موقوف ہے۔ اسکے بعد آپنے علما کے دلون مین خشیت الٰہی کے ضروری ہونے پر نہایت ہی برجستہ تقریر کی۔ پھر مختصر الفاظ مین ندوۃ العلما کے اغراض ومقاصد کو بیان فرمایا کہ "ندوۃ العلما کے مقاصد و اغراض کی حقیقت بھی یہی ہے کہ مسلمانونکی تعلیمی اور تمدنی برائیان دور ہوجائین۔

اور اسلام کی ترقی ہو - اسمین سب سے زیادہ ضرورت اصلاح تعلیم کی ہے - اسلئے ندوۃ العلما
نے اسکی پہلے ہی فکر کی ہے لیکن اسکی اشاعت ہو توکیونکر - مغربی علوم کے تعلیم یافتہ
اور مشرقی علوم کے تعلیم یافتہ حضرات مین نہایت ہی درجہ تھا منافرت ہے - ترکی ٹوپی والے
حضرات ہملوگونکو چشم حقارت سے دیکھتے ہین اور ہمارے لئے نئے نئے خطاب
تراشتے ہین ایسی حالت مین اس بات کی کیا امید ہوسکتی تھی کہ وہ ہماری تجویزون
کو سنینگے اور پسند کرینگے مگر الحمد للہ کہ اس جلسہ مین اور ہمارے اس شہر مین دونون
فریق کے حضرات مجتمع ہین اور نہایت صلح و صفائی کے ساتھ ایک دوسرے کی تقریر سننے
پر آمادہ ہین - لہذا مین کہونگا کہ مدت کے بچھڑے ہوئے ملگئے اور آج دونون مین صلح
ہوگئی کونسی صلح مقلد اور غیر مقلد کی؟ کونسی صلح شیعہ و سنی کی؟ نہین ہرگز نہین
اس سے بڑھکر قابل قدر صلح اور مہتم بالشان صلح یعنی نئی تعلیم اور پرانی تعلیم کی صلح
دینی و دنیاوی علوم کی صلح جسکی مسلمانونکو اشد ضرورت تھی اور بغیر ایک دوسرے
سے ملے ہوئے ہرگز ترقی نہین کرسکتے تھے اور کشاکش مین کام ختم اب ہورہا تھا
پس آجکی صلح کی ہم مبارکباد دیتے ہین - ؎ للہ الحمد میان من و او صلح فتاد
حوریان رقص کنان نعرہ مستانہ زدند - دنیوی تعلیم کے مقتدا یہ حضرات
نئے تعلیم یافتہ اور مذہبی تعلیم کے مقتدا یہ مقدس علما - لیجئے پھر کیا ہے -
ربنا آتنا فی الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنة دونون نصیب
ہوگیا - اب ہاتھ ملائیے اور پڑھئے وقنا عذاب النار۔

(۴) اس مختصر تقریر کے بعد مولوی حکیم عبدالحمید صاحب عظیم آبادی
نے اپنا عربی قصیدہ مولانا کے حوالہ کیا - جناب موصوف نے اُسے ہاتھ مین

لیکر پہلے یون فرمایا کہ "حضرات یہ قصیدہ ہے اُن بزرگ کا جو ہمارے اس شہر بلکہ صوبہ کے فخر ہین طبیبون مین بہترین طبیب حکیمون مین لائق حکیم۔ عالمون مین جید عالم۔ رئیسون مین ایک معزز اور باقتدار رئیس یعنی جناب حکیم مولوی عبدالحمید صاحب مدظلہ العالی۔

اور یہ قدیم دستور ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مین بھی اکثر مجالس مین قصاید تفنن طبع کے لئے پڑھے جاتے تھے۔ ہمارے مولانا مدظلہ کا قصیدہ یہ ہے" آپ نے پورا قصیدہ نہایت خوش الحانی سے پڑھا۔ جسکا ہم یہان پر صرف مطلع ہی لکھنا کافی سمجھتے ہین ؎

لکم بشری وجاء کم الوفود ۞ الستم منا کم الدهر العنود

(۵) اسکے بعد مولوی سید **عبدالحی** صاحب **مددگار ناظم ندوۃ العلما** نے صدر انجمن کی اجازت سے ندوۃ العلما کی سالانہ رپورٹ پیش کی :- "حضرات! ندوۃ العلما جن ضرورتون کے پورا کرنے کو قائم کیا گیا ہے اور اس سے جو فوائد مسلمانون کو حاصل ہو سکتے ہین وہ اسقدر زیادہ ہین جنکو مین اسوقت بیان نہین کرسکتا صرف دو مقصدونکی طرف آپ کا خیال مین رجوع کرنا چاہتا ہون۔

(۱) اصلاح نصاب وطریقۂ تعلیم۔ (۲) رفع نزاع باہمی علما۔ اور مین سمجھتا ہون کہ انھین دو مقصدون کے ساتھ مسلمانون کی دینی اور دنیوی ترقی وابستہ ہے۔ اسیوجہ سے جس مبارک وقت مین ندوۃ العلما کی بنیاد پڑی ہے۔ اوسوقت بھی دو مقصد پیش نظر تھے پھر رفتہ رفتہ اور مقاصد اضافہ کئے گئے۔ پہلے مقصد کے متعلق ہندوستان کے نامور اور معزز علما کی رائین حاصل کی گئین۔ جنمین

جناب مولانا محمد لطف اللہ صاحب مفتی عدالت عالیہ حیدرآباد ۔ مولانا شاہ محمد حسین صاحب الہ آبادی ۔ مولانا عبداللہ صاحب ٹونکی ۔ مولانا محمد فاروق صاحب چڑیاکوٹی کی رائین اور تجویزین شامل ہین ۔ ان سب حضرات نے ندوۃ العلما کی اس تجویز کے ساتھ اتفاق کیا کہ نصاب مروجہ قابل اصلاح و ترمیم ہے ۔ گو جزئیات مین کچھ کچھ اختلاف باقی رہا جسکے دور کرنے کے لئے کئی بار خاص علما کی مجلسین منعقد ہوئین ۔ سب سے بڑی مجلس رجب ۱۳۱۳ھ مین منعقد ہوئی تھی جسمین مولانا عبداللہ صاحب ٹونکی ۔ مولانا فاروق صاحب چڑیاکوٹی اور اکثر مدارس اسلامیہ کے مدرسین موجود تھے ۔ اسنے تمام تجویزون پر غور کرنے کے بعد جو نصاب بنایا ۔ اوسکی نقلین علما کو بھیجی گئین اور پھر اونسے رائین لی گئین یہانتک کہ درجہ ابتدائی کا نصاب جو بالفعل دارالعلوم مین جاری ہے تجویز کیا گیا ۔

اس نصاب مین جو خوبیان ہین وہ دیکھنے کے متعلق ہین سب کا بیان کرنا مشکل ہے تاہم بعض بعض خصوصیتین مین ظاہر کرتا ہون ۔ **اول** یہ کہ اسکی مدت خواندگی صرف تین سال کی ہے ۔ اگر دس برس کے سن کا لڑکا اسکو شروع کرے تو تیرہ برس کے سن مین وہ فارغ ہوکر انگریزی پڑھ سکتا ہے ۔ **دوم** یہ کہ اس مین کتابین ہر فن کی بہت کم رکھی گئی ہین مگر ایسی کتابین انتخاب کی گئی ہین جنکے پڑھنے سے استعداد بھی بڑھے اور مسائل کا استیعاب بھی ہوجاے ۔ **سوم** یہ کہ سہ سالہ خواندگی کے بعد یہ بات اسقدر ہوجائیگی کہ فارغ شدہ طالب العلم عربی لکھنے پڑھنے پر بخوبی قادر ہوگا ۔

چہارم یہ کہ اسی مدت مین حدیث فقہ فرائض اخلاق اور عقاید کے معلومات بقدر ضرورت حاصل ہو جائینگے۔ اور کلام مجید کا ترجمہ بے تکلف کر سکے گا پنجم یہ کہ حساب اربعہ متناسبہ و حساب تجارت تک اور اقلیدس کا پہلا مقالہ اور جغرافیہ عالم اور تاریخ الخلفا بھی طے ہو جائیگا۔ جو ایسے طلبا کو جو اسکے بعد انگریزی پڑھنا چاہینگے بہت مدد دیگا۔ اور جو تجارت وغیرہ مین اپنی زندگی بسر کرنا چاہین اونکے واسطے دینی و دنیوی معلومات کا ذخیرہ ہوگا۔

اسکے بعد آپ نے دوسرے مقصد پر گفتگو کی اور فرمایا کہ ندوۃ العلما خود اس مقصد کی عملی کارروائی ہے اور اپنے دعوے کی آپ دلیل ہے۔ ع آفتاب آمد دلیل آفتاب
اسکے بعد آپ نے اسکی توضیح فرمائی۔ اور واقعات سے اسبات کو دکھایا کہ ندوۃ العلما کے اثر سے باہمی نزاعین کسقدر دور ہو گئی ہین اور کسقدر فائدہ پہونچنے کی اس سے توقع ہے پھر آپ نے وفد کی روانگی۔ جائداد موقوفہ کے انتظام کی کیفیت بیان فرمائی اور آپکے ریوٹ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ سال زیر بیان مین جو خطوط باہر سے دفتر مین آئے اونکی تعداد ۱۱۴۷۔ اور جو دفتر سے باہر روانہ کئے گئے اونکی تعداد ۲۵۰۰ اور جو کتابون کے پلنڈے بھیجے گئے اونکی تعداد ۲۳۲۱ تھی۔ اور کل چندہ دہندگان کی تعداد ۱۰۹۴ تھی

اسکے بعد آپ نے مختصر جمع خرچ ندوۃ العلما کا پیش کیا کہ "غرہ شوال ۱۳۱۶ھ سے سلخ رمضان ۱۳۱۷ھ تک کل آمدنی ندوۃ العلما اور دار العلوم کی معہ بقایا سنین گذشتہ کے چودہ ہزار ایک سو اکہتر روپیے چودہ آنے چھ پائی ہوئی۔ اور کل صرف دونون کا سال مذکور مین دس ہزار چار سو چہتر روپیے چودہ آنے دو پائی ہوا یعنی تمام

پر تین ہزار چھ سو چورانوے روپئے چار پائی باقی رہے۔ پھر غرہ شوال ۱۳۱۷ھ سے
سلخ ربیع الثانی ۱۳۱۸ھ تک چھ مہینے مین کل آمدنی ندوۃ العلما اور دار العلوم کی معہ
بقایا سنین گذشتہ کے بیس ہزار چار سو اکاون روپئے سات آنے چار پائی۔
کل صرف تیرہ ہزار چار سو چون روپئے چودہ آنے۔ باقی چھ ہزار نو سو چھیانوے روپئے
نو آنے چار پائی۔ اسی خرچ مین دس ہزار سات سو سولہ روپے کی وہ رقم بھی شامل
ہے جو بابت ادائے قیمت مکان دار العلوم و خرچ تعمیر کمرہ ہاے دار الاقامہ و فکِ رہن
جائداد موقوفہ شاہجہان پور مین صرف ہوئی۔

(۶) اسکے بعد مولوی **حبیب الرحمن خان** صاحب رئیس
بھیکم پور ضلع علیگڈھ نے اپنی ایک طولانی تحریر پڑھی۔ جسکا لفظ لفظ سانچے مین ڈھلا ہوا
تھا۔ زبان ایسی صاف اور ستھری کہ سبحان اللہ۔ پھر دلچسپی کا وہ عالم کہ یہی جی چاہتا تھا
کہ سنتے ہی رہیئے۔ بعض بعض موقعوں پر تو لوگون نے جملے دُہرانے کی فرمایش کی۔
افسوس کہ ہم اسوقت قلت گنجائش کیوجہ سے پوری تقریر کو نہ چھاپ سکے۔

(۷) اسکے بعد **مولوی شاہ نظام الدین** صاحب جھجھری نے مولوی سید
شرف الدین صاحب بیرسٹرایٹ لا کی خواہش کے مطابق طلبا کی تعلیمی حالت دکھانے
کے لئے امتحان کی خواہش ظاہر کی۔ صدر انجمن صاحب کی اجازت سے حافظ واحد علی
طالب العلم دار العلوم نے چند آیتین کلام مجید کی نہایت خوش الحانی اور قرأت کے ساتھ
تلاوت کین۔ سارا ہال مرحبا مرحبا۔ جزاک اللہ کی آواز سے گونج اوٹھا۔ اسکے بعد
طلبا کا امتحان شروع ہوا۔ **مولوی سید شرف الدین** صاحب بیرسٹر نے
کسور کم کی ضرب کا ایک سوال دیا۔ پھر دیر کیا تھی سلیٹ پر لکھا گھٹ سے نتیجہ چلنے لگی تھی

اور بات کی بات مین بچون نے جواب لکھکر رکھدیا۔ اور لطف یہ کہ بلا استثنا جواب سب کا صحیح۔ ایک حیرت تھی کہ سارے جلسہ پر چھائی ہوئی تھی۔ ہر طرف سے تحسین وآفرین کی صدا بلند ہوئی۔ پھر **مولوی محمد سلیمان صاحب پھلواروی** نے اردو کے جملے دیئے کہ عربی مین ترجمہ کرین۔ بچون نے ایسا بامحاورہ ترجمہ کیا کہ [illegible] کہ الٰہی یہ ڈیڑھ سال کی تعلیم ہے یا اعجاز۔ [illegible] کانون سے سنتے تھے اور یہان آنکھون سے دیکھ رہے ہین۔

(۹) اسکے بعد ہمارے **مولوی شاہ محمد سلیمان صاحب** کا کمسن [illegible]زدہ سالہ لڑکا وعظ کہنے کے لئے کھڑا کیا گیا۔ ننھا سا بچہ اوسکا تقریر کے لئے کھڑا ہونا ہی حیرت انگیز تھا۔ مگر اس نے جسطرح قوم کو للکارا بڑے بڑے مقررون سے نہین ہوسکتا۔ سارے جلسہ پر محویت طاری تھی۔

ساڑھے گیارہ بجے جلسہ برخاست ہوا۔ مہمان اپنی اپنی فرودگاہ کو گئے پھر وہی والنٹیرون کی سرگرمی۔ وہی دوڑ دھوپ وہی چہل پہل۔

پانچ بجے سے ۸ بجے شب تک مدرسہ کی جامع مسجد مین **وعظ کا جلسہ عام** تھا۔ یہہ مسجد دریائے گنگا کے کنارے ایک بلند موقع پر بنی ہوئی ہے۔ سامنے ایک وسیع سبزہ زار ہے۔ لوگون کے جمع ہوتے ہوتے شام ہوگئی اور چراغ جل گئے **مولوی محمد یحیٰے صاحب وکیل** نے جو اہتمام کیا تھا وہ قابل دید تھا نہ لائق شنید۔ جھاڑ وفانوس کی جگمگاہٹ سے تمام مسجد بقعۂ نور ہو رہی تھی۔ رات کا عالم روشنی کی چمک۔ دریا کا موجین مارنا۔ اسٹیمر اور گینوٹ کا چلنا۔ واعظین کا موثر اور دلگداز لہجہ مین وعظ وہدایت فرمانا کچھ ایسا منظر تھا جسکو ہم بیان نہین کرسکتے

مولوی عبدالماجد صاحب بھاگلپوری۔ مولوی عبدالجبار صاحب عمرپوری نے نہایت پرجوش وعظ بیان فرمائے۔

کارروائی جلسۂ دوم ۵ نومبر دوشنبہ

آج جوش کا اور ہی عالم تھا۔ مہمان و سامعین ٹوٹے پڑتے تھے۔ کہین جگہ باقی نہین تھی۔ سارا ہال۔ شہ نشین کے دونون بازؤون کے کمرے اور دونون سلے پر کہین تل دھرنے کو جگہ نہین تھی۔ تھوڑی دیر کے لئے سناٹا ہوگیا۔ جناب **مولٰنا شاہ محمد سلیمان** صاحب پھلواروی کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ "حضرات چونکہ وقت کی پابندی ضروری ہے اور اسوقت تک صدر انجمن صاحب تشریف نہین لائے ہین اسواسطے تاتشریف آوری جناب ممدوح کے **مولٰنا مسیح الزمان خان** صاحب کی صدارت سے کارروائی جلسہ شروع کیجائے"۔ حاضرین نے اس سے اتفاق کیا اور **مولٰنا مسیح الزمان خان** صاحب کی صدارت سے کارروائی شروع کیگئی۔

(۱) پہلے **قاری عبدالرحمٰن** صاحب نے تبرکاً چند آتین نہایت خوش الحانی اور قرأت کے ساتھ تلاوت کین۔

(۲) پھر قاری صاحب کے بعد **حافظ واجد علی** طالب العلم دارالعلوم نے کچھ ایسی خوش الحانی سے قرآن پڑھا کہ سارا جلسہ وجد مین تھا۔ اثنائے تلاوت ہی مین ایک صاحب نے بیساختہ اپنا شالی رومال انکو اڑھا دیا۔

(۳) اسکے بعد **مولوی ابوالخیر عبدالوہاب** صاحب صدر مدرس مدرسۂ نظامیہ حیدرآباد دکن نے اپنا عربی قصیدہ پڑھکر سنایا۔ اثنائے قصیدہ خوانی

ہین جناب مولنٰنا احمد حسن صاحب کانپوری صدر انجمن تشریف لائے اور مسند صدارت پر رونق افروز ہوئے۔

(۴) اسکے بعد مولوی حافظ سید فضل حق صاحب آزاد نے اپنا پرجوش ترکیب بند پڑھا۔ ہر طرف سے نعرۂ تحسین وآفرین بلند تھا۔ ایک سے ایک شعر بڑھا ہوا اور ایک سے ایک بڑھکر پرجوش۔ سامعین نے اکثر اشعار کو مکرر پڑھنے کی فرمایش کی۔ ہم قلت وقت کی وجہ سے اسکو شائع نہین کرسکتے لیکن ایک بند کو تو ہم کبھی نہین بھول سکتے ع "نشانِ کاروانِ رفتہ ہین دل کی اُجالی ہین غنیمت ہی غنیمت ہین سب اللہ والے ہین"

(۵) مولنٰنا محمد فاروق صاحب چریاکوٹی نے جو علم پر ایک قابل قدر تحریر لکھی تھی۔ مولننا عبد الوہاب صاحب بہاری کے حوالہ کی کہ پڑھکر سنا دین۔ مگر حضار جلسہ کے اصرار سے آپ ہی کو وہ تحریر پڑھنی پڑی۔ آخر مین آپ کی فارسی مثنوی تھی جسکو مولننا عبد الوہاب صاحب نے پڑھکر سنائی۔ ہر شعر پر درد اور پر تاثیر تھا۔ قلت وقت کی وجہ سے مثنوی تمام نہو سکی۔

(۶) مولنٰنا سید محمد عبد الحی صاحب مددگار ناظم ندوۃ العلماء نے دار العلوم کی رپورٹ پڑھکر سنائی۔ گویا دار العلوم کا مرقع کھینچکر دکھلا دیا۔ آپ نے فرمایا کہ "دار العلوم کا افتتاح جمادی الاولے ۱۳۱۶ھ مین ہوا تھا مگر درحقیقت اسکی کارروائی کا آغاز شوال ۱۳۱۶ھ سے ہوتا ہے۔ بالفعل درجۂ ادنے کھولا گیا ہے جسکی مدت خواندگی تین سال ہے اور مفصلۂ ذیل علوم وفنون کی اسمین تعلیم ہوتی ہے۔ صرف نحو۔ ادب۔ بلاغت۔ منطق فقہ فرائض حدیث۔

تفسیر۔ تاریخ۔ جغرافیہ۔ حساب۔ ہندسہ۔ دارالاقامہ (بورڈنگ ہوس) مین وہ طلبا لئے جاتے ہین جنکا سن دس برس سے کم اور پندرہ برس سے زیادہ نہو اور بابت مصارف سکونت اور خورد و نوش کے پانچ روپئے ماہوار ان سے لئے جاتے ہین۔ جو طلبا غیر مستطیع ہوتے ہین اور اون کے شوق اور چال چلن اور بے استطاعتی کی معتبر تصدیق ہو جاتی ہے اونکو مدرسہ کی جانب سے وظیفہ دیا جاتا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ سرمایہ کی کمی سے صرف بیس وظیفے اب تک مدرسہ سے دئے گئے ہین۔ پھر آپ نے دارالاقامہ مین طلبا کی ماند و بود کی کیفیت۔ تہذیب اخلاق کی حالت۔ طریقۂ تعلیم اور نتیجہ امتحان کو نہایت حسن و خوبی سے بیان کیا۔ یہہ بھی فرمایا کہ اسکا فیصلہ ہو چکا ہے کہ اس دارالعلوم مین انگریزی تعلیم بھی ہوگی۔ مگر طریقۂ تعلیم ابھی زیر بحث ہے۔ اسوقت صوبہ بہار اور روساے اودھ کے لڑکے اس دارالعلوم مین تعلیم پا رہے ہین۔ اور یہ امر حیرت انگیز ہے کہ اُن حضرات کی اولاد تعلیم پا رہی ہے کہ جو خود مدارس اسلامیہ کے بانی اور مہتمم ہین۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اُن حضرات کے نزدیک بھی اس مدرسہ کا طریقۂ تعلیم نہایت پسندیدہ ہے۔ اسکے بعد آپ نے فہرست اُن طلبا کی پیش کی جنمین فرنگی محل کے صاحبزادے اور بانیان مدرسہ امدادیہ دربھنگہ و مدرسہ اسلامیہ کرنال و فتحپور وغیرہ کے لڑکے ہین۔ اسکے بعد آپ نے نواب محسن الملک بہادر۔ نواب بہادر سید امیر حسن خانصاحب پریسیڈنسی مجسٹریٹ کلکتہ۔ مولوی سید شرف الدین صاحب بیرسٹر ایٹ لا بانکی پور۔ مولوی عبد الحق صاحب سابق مدرس مدرسہ فتحپوری دہلی۔ اور مولوی عبد اللہ صاحب مہتمم مدرسہ اسلامیہ کرنال

کی رایون کا اقتباس بیان کیا۔ اسکے بعد فرمایا کہ مولوی سید شرف الدین صاحب اسوقت موجود ہین وہ یقین ہے کہ میرے بیان کی تصدیق کرینگے۔

(۷) اسکے بعد ہمارے لائق اور ہر دلعزیز مسٹر **سید شرف الدین صاحب بیرسٹر ایٹ لا** نے **اپنے دارالعلوم** کی تائید مین نہایت پرجوش تقریر کی۔ اور فرمایا کہ:۔"حضرات! چندہ کی تحریک۔ میرے ذمہ رکھی گئی ہے۔ اور روپیہ کی فراہمی واقعی ہے بھی ایک امر ضروری۔ کیونکہ کوئی کام روپیہ کے بغیر چل نہین سکتا۔ دنیا مین کوئی خواہ کسی گورنمنٹ کے زیر سایہ رہتا ہو اُسکی زبان کا سیکھنا ضروری ہے۔ اسلئے ہمارے لئے بھی اپنی گورنمنٹ کی زبان سے آگاہ ہونا لازمی ہے۔ کیونکہ ہم جب تک اپنے بادشاہ وقت کی زبان سے واقف نہون تب تک کوئی ضروری عرضداشت اُسکے کانون تک نہین پہونچا سکتے۔ اور نہ اپنے حقوق اور فرض رعایا سے اوسکو مطلع کر سکتے ہین۔ پس اپنی گورنمنٹ کی زبان سیکھنے کی ہمین ایسی ہی ضرورت ہے جیسی کہ آب وہوا یا غذا کی کہ جن پر مدار حیات ہے۔ اب خیال فرمائیے کہ ابتدا مین تو ہم اپنے بچونکو میانجی کے پاس مکتب مین بیٹھاتے ہین۔ مگر جہان ذرا اوسکی زبان ٹوٹی تو پھر اوسے اسکول مین داخل کراتے ہین۔ اسصورت مین اوسکی مکتبی تعلیم ادھوری رہجاتی ہے۔ اسکول مین جہان اوسکی زبان پر اے بی سی ڈی چڑھی وہ بغدادی قاعدہ وغیرہ جو میانجی سے پڑھا تھا بھول گیا۔ وہ پچھلا پڑھا لکھا سب غارت ہوگیا۔ اور اُسکے وہ دن گویا عمر سے زاید ہی تھے جو یون اکارت گئے۔ پھر یہہ بھی غریب بچون کے لئے بڑی بھاری مشکل کا سامنا تھا کہ سب کچھ ایک ساتھ سیکھنا پڑا۔ اپنی زبان الگ اور انگریزی زبان الگ اسپر مستزاد علوم کا سیکھنا بھی۔ یہہ سب کچھ پورا ہو تو کیونکر؟ اور اسمین کامیاب ہوتا تو کسطرح؟

ان اغراض کو مدنظر رکھکر اراکین ندوہ کو خیال پیدا ہوا کہ ضرورت کے موافق انگریزی بھی ہمیت
سکھانی چاہئے اور اپنی زبان بھی اور مذہبی زبان بھی۔ اور علوم بھی غرض ہر طرح کی اعلےٰ تعلیم بھی ہو اور
بچپن ہی سے عملی طور پر اخلاق و مذہب کی تعمیل بھی - اسی غرض کے لئے دار العلوم قائم
کیا گیا ہے کہ اس خاص قسم کے طریقۂ تعلیم کا بندوبست کرے۔ اور متفق علیہ مسائل کی عملدرآمد
اور امور معاشرت مین بھی سب فرقے اہل اسلام کے ملکر کام کرنے کی کوشش کرین تاکہ
وہ ہر طرح کامیاب ہون اور باہمی اختلافی مسائل مین سنجیدگی و متانت سے بحث کرین نہ کہ
لاٹھی اور ڈنڈے سے کام لیا جائے۔ اسکے بعد لکچرار نے علما اور نو تعلیم یافتہ حضرات کے باہمی
تنافر کی وجہہ نہایت بین دلائل اور واضح مثالون سے بیان کی اور اپنی طرف اشارہ کرکے
کہا کہ کبھی ہم بھی مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ کے مصداق بنائے جاچکے ہین
مگر آج خدا کا شکر ہے کہ جو ہمین یہ کہتے تھے۔ اونھون نے ہی ہم کو اپنے گلے لگا لیا ہے-
اسلام دنیا اور دین دونونکو جمع کرا سکھاتا ہے۔ اور یہی منشا ہے ندوۃ العلما کا اور اسیطرح یہ
دونون جمع ہوسکتے ہین - پھر اپنی گزشتہ علمی ترقی - اور وہ اندلس الاعلی زمانہ یاد دلایا
اور اپنے گزشتہ علوم کے مفقود ہونے پر افسوس ظاہر کرکے آیندہ ترقی کیطرف ہمت دلائی
اور کہا کہ یہ ساری امیدین انشاء اللہ ندوہ سے پوری ہونگی - طبعیات اور علم ہیئات کا
ذکر کرتے ہوئے چند عربی رسالون کا آپنے پتا دیا کہ ان پر بھی کتابین لکھی گئی ہین آخر اس قسم
کی کتابین لکھنے والے مسلمان ہی تھے۔ پھر فرمایا کہ ہم جب لکھنؤ گئے تھے تو اس سے پہلے
ہمین خیال تھا کہ دار العلوم کا مکان کوئی معمولی جھونپڑا ہوگا۔ اور کثافت تو یقینی ہوگی۔ مگر ماشاءاللہ
وہان تو دس ہزار کو ایک وسیع مکان خریدا گیا ہے جسمین طلبا کے ورزش خور و نوش
و تعلیم و تعلم کے ہر قسم کے سامان عمدگی سے مہیا کی گئی ہین۔ درسگاہ دیکھی۔ بورڈنگ ہوس

(دار الاقامہ) دیکھا جسکی نگرانی علما کرتے ہین۔ دار الاقامہ کے ہر کمرے مین دیوار مین الماریان بنی ہوئی ہین کہ طلبا اپنی اپنی کتاب الگ الگ رکھین۔ اور ایک جگہ ٹوکریون مین دوائیان رکھی ہوئی تھین اور یہ سب اوسی پانچ روپے مین اور تعلیم کا یہ عالم کہ جسکا نمونہ آپ کل اپنی آنکھون سے دیکھ چکے ہین۔ حق یہ ہے کہ ان اللہ والون نے یہ دار العلوم نہین کھولا ہے علم کا ایک تعویذ نکالا ہے جسکو گھولکر پلا دیتے ہین۔ دار الاقامہ کے بچونکو نہایت تندرست اور ہشاش و بشاش پایا۔ یہ خرق عادت اور کرامت نہین تو اور کیا ہے کہ تین سال کے قلیل عرصہ مین لڑکا عربی تعلیم سے ایک کافی حد تک بہرہ مند ہو اور فقیہ۔ ادیب۔ عالم و عامل نکر نکلے۔ ہم نے امتحاناً لڑکونکو چند سوالات حساب اور صرف و نحو اور الف لیلہ کے اعراب کی نسبت دیے۔ اسکی نسبت ہمین اعتراف ہے کہ جو کچھ ہم خود نہین جانتے تھے وہ اُن لڑکون نے بتایا۔ اور ہمارے سوالون کے معقول جواب دئے۔ پھر مین نے جغرافیہ۔ منطق۔ جبر مقابلہ۔ اور اقلیدس مین مختلف سوالات کئے اور ہر ایک مین نہایت معقول اور بہت سمجھ کا جواب پایا۔ حیرت ہے کہ ابھی صرف ڈیڑھ سال کی تعلیم ہے اوسپر ایسا بے نظیر نتیجہ!۔ پھر مین نے فارسی کا یہہ شعر ؎ دوست آن دانم کہ گیرد دست دوست ؛ در پریشان حالی و درماندگی ؛ عربی مین ترجمہ کرنے کے لیے دیا جسکا اونھون نے نہایت عمدگی سے بامحاورہ ترجمہ کردیا۔ اور اس بات کا ثبوت دیدیا کہ وہ طوطے کیطرح نہین پڑھائے گئے۔ بلکہ جو کچھ پڑھا ہے اوسکو جانتے اور سمجھتے بھی ہین۔ پھر آپ نے فرمایا کہ انگریزی اور عربی دونون کے سیکھنے کی ایسی اشد ضرورت ہے کہ اگر ہم کسی ایک کو بھی چھوڑ دین تو یادین سے محروم رہتے ہین یا دنیا سے۔ پس اس ضرورت کے پورا کرنے کے لیے ندوۃ العلماء کو ایسے دار العلوم کے قائم کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ جب ہمین عربی کتابون کے مضامین سے کام پڑتا ہے تو ناچار ہمین

سیل صاحب اور سر ولیم میور صاحب وغیرہ انگریزون کا نام لینا پڑتا ہے۔ افسوس ہے کہ اتنے بڑے سرمایۂ زبان وعلم عربی کے مالک ہوکر ہم اپنے ہی گھر کے حالات اور اپنے ہی موروثی علم کی بابت اغیار مصنفین کی حوالے دین۔ اور خود اوس سے بے خبر ہون۔ اپنے موروثی علم اور زبان کو کھو بیٹھین اور دوسرونکی خوشہ چینی کرین۔ یہہ بھی کچھ کم غیرت دلانیوالی بات نہین کہ جرمنی تو سیکڑون طرح سے ہماری چیزین شائع کرے۔ اور دوسرے برحال ما کہ ہم خود اون سے ناواقف ہون۔ افسوس۔ علم کے ضائع کرنے اور کتابون کے جلا دینے کا الزام ناحق ہم پر تھوپا جاتا ہے۔ غرض اسطرح تعلیم عربی کی اہمیت اور اوسکی درسگاہ (دارالعلوم ندوہ) کے لئے امداد زر کی ضرورت پر زور دیکر آپنے چندہ کی تحریک کی۔ اور فرمایا کہ شاہجہانپور کے جلسہ مین ایک صاحب گھوڑے پر سوار ہوکر آئے تھے۔ اور گھوڑا چندہ مین دیکر پیادہ واپس گئے تھے۔ پھر ایک صاحب حامی کانگریس کا ذکر کیا کہ اونکے پاس صرف ایک کمبل تھا وہ بھی کانگریس کے چندہ مین دیدیا۔ اور اس غریبانہ بساط کی لوگون نے ایسی قدر کی کہ بڑھتے بڑھتے وہ کمبل پندرہ سو روپیہ کو بکا۔ بھائیو۔ دیکھو تم بھی اوسی جوش اور اوسی ہمت سے کام لو۔ یہہ کوئی ذاتی کام نہین ہے یہ قومی کام ہے۔ فی سبیل اللہ قوم کے لئے دو۔ اپنی جگہ سے اوٹھو اور ایسا اوٹھو کہ اہل شاہجہانپور کو شرما دو"۔ آپ کی تقریر کا پچھلا حصہ زیادہ پر جوش تھا۔ مولانا وارث حسن صاحب مدرس مدرسہ اسلامیہ بنارس نے اپنا عمامہ سر سے اوتار کر دیدیا جسکو ہمارے فیاض و دریادل رکن مولوی حبیب الرحمن خانصاحب رئیس بھیکن پور نے پچاس روپے مین خرید لیا۔ پھر تو دھڑا دھڑ چندہ ہونا شروع ہوگیا۔ مولوی سید عبدالمجید صاحب رئیس صدر گلی پٹنہ نے سات سو۔ اور مولوی سید ابراہیم حسین صاحب رئیس پتھر کی گھاٹ پٹنہ نے پانچسو۔ اور مولوی سید ضمیر الدین احمد صاحب رئیس پٹنہ

وسکرٹری جلسۂ دعوت نے ساڑھے تین سو۔ اور مولوی سید کریم الدین احمد صاحب رئیس بہار نے ساڑھے تین سو۔ اور مولوی سید عبدالحفیظ صاحب رئیس صدر گلی پٹنہ نے دو سو اور نواب سر فراز حسین خانصاحب رئیس و وائس چیرمین پٹنہ نے سو روپے۔ اور مولوی سید عبدالغنی صاحب استھانوی بہاری ملازم سرکار نظام نے اپنی یکماہہ تنخواہ (۳۲۵ سکۂ حالی) عطا فرمانیکا وعدہ کیا۔ اور میر کفایت حسین صاحب رئیس پٹنہ نے سو روپے علمائے ندوہ کیطرف سے اور سو روپے خاص اپنی طرف سے جملہ دو سو روپے نقد۔ اور مولوی نہال حسین صاحب رئیس پٹنہ نے بھی نقد دو سو روپے عطا فرمائے۔ پھر عام چندہ شروع ہوا جسکی تفصیل کی یہان گنجایش نہین ہے۔

اسکے بعد ہمارے مولٰنا شاہ محمد سلیمان صاحب نے لاکارا کہ وقت آن آمد کہ من عریان شوم۔ مگر مولوی سید شرف الدین صاحب بیرسٹرایٹ لا نے تحریک کی کہ آج لوگ چندہ دینے کے لئے تیار بھی نہین آئے ہین اسلئے جلسہ کی کارروائی شروع ہونی چاہئے۔ چنانچہ بحکم صدر انجمن صاحب پھر کارروائی شروع ہوئی۔

(۸) مسٹر نصیر الدین حسین صاحب بیرسٹرایٹ لا بانکی پور

اسی فراہمی چندہ کی تحریک کی تائید کے لئے کھڑے ہوئے۔ جس شان سے یہ ہمارا پرجوش نوجوان تقریر کرنے کو کھڑا ہوا قیامت تک وہ سمان ہم اور اہل جلسہ و اراکین ندوۃ العلماء نہ بھولینگے۔ ہر طرف سے رونے اور سسکیان لینے کی آواز آرہی تھی جو تھا بیقرار تھا۔ جو تھا بیچین تھا۔ الفاظ سیدھے سادے تھے۔ مگر جس سچے جوش اور سچے دل سے نکلتے تھے اوسکا منشا یہی تھا کہ دل مین گھر کرلے۔ "انچہ از دل خیزد بر دل ریزد"۔ چند سیدھے سادے الفاظ نے سارے جلسہ کو بیچین کر دیا سارا

جلسہ پُرجوش جان فدا کرنے پر آمادہ تھا۔ علما کے طبقہ کا حال نہ پوچھیے۔ رومال
تر۔ آنکھیں سرخ۔ فرطِ گریہ سے سب از خود رفتہ۔ اور خود ہمارے پُرجوش نوجوان کا یہ
عالم تھا کہ ڈاڑھیں مار مار کر رو رہا تھا۔ حواس درست نہ تھے۔ ہان ایک بات تھی کہ جوش مین
اپنا کام کیے جاتی تھی۔ یا یون کہیے جنکے پہلو مین چوٹ کھایا ہوا دل تھا اون کو
چٹکیون سے مسل رہی تھی۔ ہم اپنے پرجوش نوجوان کی تقریر بھول نہین سکتے
"حضرات! مین جس تحریک کی تائید کے لئے کھڑا ہوا ہون وہ میری صورت سوال ہے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مین مسلمانون کا یہ جوش تھا کہ عہ گر جان
طلبی مضائقہ نیست ٭ اور ہائے افسوس اب اسلام کی یہ حالت پہونچی کہ اوسکے
ہمدرد عہ "زر میطلبی سخن درین است" ٭ کہتے ہین۔ آہ وہ کیسے مسلمان تھے جنھون نے
اسلام پر اپنی جانین فدا کر دین۔ صرف اپنی ہی جان نہین۔ اپنی چہیتی اولاد کی جانین
اپنے خاندان کی جانین۔ ایک مسلمان وہ تھے اور ایک ہم ہین۔ جان کا معاملہ
تو اب رہا نہین۔ مال پر دارومدار ہے اور مال ہمیشہ جانون پر فدا ہوا کرتا ہے۔ مگر ہائے
ہماری قوم اس امتحان مین بھی پوری نہین اوترتی۔ مین جس کام کے لئے کھڑا ہوا ہون
اوسکے لئے بالکل تیار نہ تھا۔ مین اونھین انصاریون کی اولاد ہون جو اپنی جانین
اور اپنے مال ہمیشہ اسلام پر فدا کرتے رہے ہین۔ (ہمارے پرجوش نوجوان کا اس
جملہ پر پہونچنا تھا کہ فرطِ گریہ سے آواز بیٹھ گئی اور سارے جلسہ مین جوش پیدا ہو گیا
ہمارے نوجوان نے جوش مین آکر اپنی سونے کی گھڑی معہ چین جو ساڑھے تین سو
روپے کی تھی دے ڈالی) مین اسوقت اسلئے کھڑا ہوا ہون کہ انصاریون کیطرح
اپنی جان اور اپنے مال قوم اور اسلام پر فدا کر دون۔۔ وہ اسلام جسکو ہمارے آبا نے اپنے

خون سے سینچ کر پالا تھا کیا ہم اوسکو ذلیل دیکھ سکتے ہین؟ نہین ہرگز نہین - ہمارے معزز علما کی پگڑیان اوتر جائین اور ہم کپڑے پہنے رہین (پھر ہمارے پر جوش نوجوانے اپنا کوٹ اور جاکٹ اوتار کر دے ڈالا) اگر ہم اوسی پاک نسل سے ہین تو ہمکو اونکا نمونہ بنا چاہئے - ہم اس جلسہ کو مشاعرہ بنانے کے لئے نہین آئے ہین - ہم یہ دکھانیکو آئے ہین کہ ہم مین اسلام کی کتنی محبت اور کتنی دقعت باقی ہو - اگرچہ ہم ذلیل حالت مین ہین مگر آبائی جوش ابتک ہم مین باقی ہے - آبائی خون ابتک ہماری رگون مین دوڑ رہا ہے عہ ٹوٹی دیوارین ہین یا یاس کی تصویرین ہین - ہمارے پیشوا گدائی کو نکلین اور ہم کھڑے دیکھتے رہین - بھائیو اب بھی سنبھلو! اب بھی اوٹھو ان قومی بھکاریون کی جھولیان بھر دو - ان اسلامی گداؤن کا دامن بھر دو کہ پھر دوسرے در تک انکو جانا نہ پڑے - ہاے! ہم مدینہ سے ملک فتح کرنیکو نکلے تھے - کاسۂ گدائی لیکر نہین - ہم اسلامی شان و شوکت لیکر چلے تھے - بھیک مانگنے کو نہین - ہائے ہمارے یہ مقدس علما اسوقت بڑی بڑی درسگاہون مین درس دیتے ہوتے تبلیغ اسلام فرماتے ہوتے - مگر ہماری غفلتون کے نتیجے سے اور ہماری ہی لئے اونھین آج در در بھیک مانگنا پڑی - آہ! ہم کیا تحریک کرین اور کس بات کی تائید کرین - ہم اپنے ہوش مین نہین ہین - ہم سے یہ نہین دیکھا جاتا کہ یہ نورانی صورتین ہمارے دروازہ پر گداگری کرین اور پھر ہمارے ہی لئے - (خدا جانے یہ پچھلا جملہ کس سچے دل سے نکلا تھا کہ سارے جلسہ مین کہرام مچگیا - کوئی اپنے ہوش مین نہ تھا - عبائین - عمامے - کپڑے - گھڑیان روپئے مینھ کیطرح جسے برسنے لگے) تو بھائیو تم اتنا تو کرد و کہ پھر یہ دوسرے دروازے پر جاکر ہاتھ نہ پھیلائین" وغیرہ وغیرہ -

(۹) ہمارے نوجوان رئیس **مولوی شاہ منیر الدین احمد** صاحب رئیس و سکریٹری معین الندوہ اسلامپور نے اس تحریک کی تائید مین نہایت ہی برجستہ اور معقول تقریر کی۔ نہایت ہی سلجھی ہوئی باتین تھین جو کچھ آپ نے بیان فرمایا وہ قابل قدر تھا۔ پھر آپ نے خاص اپنے اور نیز باغ معین الندوہ اسلامپور کے چندہ کی ایک فہرست تقریبًا ۱۴۱ سو روپئے کی پیش کی جسمین سے قریب بارہ سو کے خاص دار العلوم کیلئے اور کوئی دوسو کی رقم خاص طلبا کے لئے مخصوص تھی۔

(۱۰) پھر **مرزا کمال الدین صاحب سخنر** طہرانی نے اپنا فارسی قصیدہ جو سرمایہ دار العلوم کے متعلق تھا اس جوش سے اپنے ایرانی لہجہ مین پڑھا کہ سارا ہال گونج اوٹھا۔ سارے جلسہ پر ایک کیفیت طاری تھی۔

(۱۱) اسکے بعد ہمارے مولٰنا شاہ **محمد سلیمان** صاحب کھڑے ہوئے اور ایسی دلچسپ تقریر کی کہ سبحان اللہ۔ جابجا مثنوی مولانا روم کی چاٹ دلکو چھین کئے ڈالتی تھی۔ عمومًا آپ کے وعظ مین خاص اثر ہوا کرتا ہے۔ اسوقت کی تقریر بھی حاضرین جلسہ کو رولا ہی کر رہی۔

(۱۲) ان کے بعد ہمارے دوست **شیخ عبد القادر صاحب** بی اے۔ ایڈیٹر اخبار **پنجاب او بزرور** لاہور۔ روساے لاہور کیطرف سے پیام کہنے کو کھڑے ہوئے اور فرمایا:۔ جناب صدر انجمن۔ و اعیانِ بہار و معزز حاضرین جلسہ! جن دلگداز تقریرون کو آپ نے ابھی سنا وہ ایسی نہین ہین کہ کبھی بھولی جائین مین جس بات کے بیان کرنیکو تیار آیا تھا۔ اسوقت خود میرا دل قابو مین نہین ہے کہ کچھ کہہ سکون

اللہ رے جوش! اللہ رے جلسہ کی شان اور دلفریفتگی! مہمان اور سامعین
ٹوٹے پڑتے ہین۔ پنجاب سے بھی بڑے بڑے علما جو معزز انجمنون کیطرف سے
ڈیلیگیٹ (وکیل) ہوکر آئے ہین شریک جلسہ ہین۔ کوئی اہل و عیال کو چھوڑ کر
آیا ہے۔ کوئی گھر مین بیمار کو کراہتا چھوڑ آیا ہے۔ کوئی نوکری سے آیا ہے۔ تو کیا یہ سب
بغیر دل آویزی کے آئے ہین۔ نہین اسلام کی امداد کو تو آپ سمجھکر لبیک گویان پہونچے
ہین۔ آپ دیکھتے ہین یہ جو کسی عفت مآب خاتون کو پاؤن کے کڑے اُترے رکھے ہین
اوسی اسلام کی اعانت کیواسطے یہ سہاگ کے زیور اوتارے گئے ہین۔ اگر یہہ
کسی سنار کی دوکان پر جائین تو کچھ وقعت نہین رکھتے۔ اگر آپ لوگون مین اس
کڑے کے اوتر نے کی غیرت ہے۔ اور اس اعانت کا آپ لوگون پر کچھ اثر ہوا ہے
تو کل مین وہ وقت دیکھنا چاہتا ہون کہ اس ایک ایک کڑے کو اتنے دام مین
کہ دار العلوم تیار ہو جاسے۔ اور اگر اتنے نہ آئے تو مجھے سخت افسوس ہوگا کہ یہان
کے لوگون نے اوس سچی اعانت کی کچھ بھی قدر نہ کی۔ کیا مولانا وارث حسن
صاحب کے سر پر جو عمامہ ہے یہ بنارس کا عمامہ آپ کی نگاہ مین پچاس روپے کی
وقعت رکھتا تھا؟ (ہرگز نہین) اور سچے ہزاروں ملتے تو کم تھا۔ (آہ یہ فیاض
دریادل رئیس مولوی حبیب الرحمٰن خان صاحب رئیس بھیکن پور ضلع علیگڈھ ہے جنہون نے
جو اوس عمامہ کو پچاس روپے مین لے چکے تھے۔ پچاس اور اضافہ فرمایا۔ بعد
کو معلوم ہوا کہ وہ عمامہ جناب حاجی مولانا شاہ امداد اللہ صاحب مہاجر مکہ قدس سرہٗ
کا تھا جو اپنے ہاتھ سے مولانا وارث حسن صاحب کے سر پر باندھا تھا۔ اور
مولانا اوسکو بہت عزیز رکھتے تھے۔ یہہ پہلی مرتبہ آپ نے اوسکو زیب سر کیا تھا۔ او

اب آپ کو اوسکے بعد اگر نے کی سخت حسرت ہے۔ کیا اب بھی ہمارے فیاض دریا دل رئیس ایسی متبرک چیز کے لئے ستہ ترخ بالاکن کہ ارزانی ہنوز نہ کہکر کچھ اور اضافہ نفرمائینگے؟ ہمکو اونکی فیاضی سے پوری توقع ہے کہ وہ ہزارمین بھی اوسے سستا پائینگے)

اسکے بعد آپ نے پنجاب والونکی طرف سے بہار والونکا شکریہ ادا کیا۔

مولوی اصغر علیصاحب روحی پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور کو وقت نہ مل سکا اسلئے اونکا عربی خطبہ اور فارسی نظم دوسرے روز پر اوٹھا رکھی گئی۔

بارہ بجے کے قریب جلسہ برخاست ہوا۔ مہمان اپنی اپنی فرودگاہون کو گئے۔ والنیٹرون مین آج ایک غیر معمولی جوش نظر آرہا ہے۔ دوڑ دوڑ کر خود اپنے سرون پر خوان اوٹھا اوٹھا کر مہمانون کی فرودگاہون مین پہونچا رہے ہین۔ گو جلسہ تمام ہو چکا ہے مگر سب کے سب پُر جوش نظر آرہے ہین۔ ایک نشہ سا چڑھا ہوا ہے۔ جوش مین سوالے ہین۔ خدایا آج کا جوش ہمیشہ کے لئے قائم رہجائے۔ آمین!

پھر اوسیطرح آخر وقت سے مدرسہ کی صحن مین وعظ کا عام جلسہ تھا۔ جناب مولانا شاہ **ابوالخیر** صاحب فصیحی غازیپوری کا برموقع موقع سے مثنوی مولانا روم کے اشعار پڑھنا سارے جلسہ کو بیخود بنائے ہوئے تھا۔ مولانا **اصغر علی صاحب روحی** کا پُر جوش وعظ تو اہل پٹنہ کبھی بھول نہین سکتے۔ مولانا شاہ **محمد سلیمان** صاحب پھلواروی کا بیان تو آپ اپنی نظیر ہے۔ **مولوی ابوالخیر عبدالوہاب صاحب بہاری** صدر مدرس مدرسہ نظامیہ حیدرآباد دکن نے بھی خوب ہی بیان فرمایا۔ **قاری میران شاہ** صاحب اور **واجد علی** طالب العلم دارالعلوم نے یہان بھی چند آیتین تلاوت کین۔ رات کا وقت اوسپر اونکی دلگداز

آواز سارا جلسہ محو اور بیخود تھا۔ ہمارے معزز دوست مولوی شیخ عبدالقادر صاحب بی اے۔ ایڈیٹر پنجاب اوبزرور لاہور نے بھی مختصر سی تقریر کی کہ "بھائیو یہاں سے کچھ لیکے جانا چاہئے۔ مگر قدر قصے کہانیاں لیکر نجانا مثنوی کی نے لیکر نجانا۔ وہی لیجانا جس سے تمہاری عاقبت بخیر ہو"۔

کارروائی اجلاس سوم ۶ نومبر روز سہ شنبہ

۷ بجے صبح سے کارروائی جلسہ کی شروع ہوئی۔

(۱) پہلے قاری میران شاہ صاحب کھڑے ہوئے اور چند آیتیں کلام مجید کی تلاوت کیں۔ انکے کھڑے ہونے ہی سارے جلسہ کی نگاہیں انکی طرف اوٹھ گئیں۔ اور ہر ایک دل پہلو میں مچلنے لگا۔ اللہ ری آپکی قرأت!!

(۲) پھر مولنا شاہ عین الحق صاحب صاحبزادہ شاہ علی حبیب علیہ الرحمۃ پھلواروی کھڑے ہوئے اور دارالعلوم کی ضرورت اور فوائد پر قلیل و دل تقریر کیا۔

(۳) مولوی شاہ منیر الدین صاحب رئیس اسلام پور نے بھی دارالعلوم ہی کے فوائد کو معقول دلائل سے ثابت کیا۔ آپ کی سلجھی ہوئی تقریر سے اراکین جلسہ بہت ہی محظوظ ہوئے۔

(۴) مولنا حکیم محمد اسحاق خان صاحب دربھنگوی نے سرمایہ دارالعلوم کے متعلق ایسی پرجوش تقریر کی کہ سارا جلسہ گرما گیا۔ اللہ ری آپ کی زبان کی روانی جو کچھ آپ نے بیان کیا آپ ہی کا حصہ تھا آپ کی تقریر کا پچھلا حصہ ایسا پرجوش تھا کہ سارا ہال بیخود تھا۔

